# شعبہ اصلاحِ آبپاشی، محکمہ زراعت

| |
|---|
| زراعت نامہ |
| 15 تا 31 جولائی 2021 |

## سفارشات برائے کاشتکاران

### ملک محمد اکرم، ناظمِ اعلیٰ زراعت (اصلاحِ آبپاشی) پنجاب

- پانی انتہائی قیمتی اثاثہ ہے۔ اس کے بغیر کاشتکاری کا تصور ہی ناممکن ہے۔ مون سون کے موسم میں شدید بارشوں کی صورت میں زائد بارشی پانی کو آبی تالابوں میں جمع کریں اور بعد ازاں ضرورت کے مطابق فصلوں کی آبپاشی کے لیے استعمال کریں۔ تمام کاشتکاروں سے درخواست ہے کہ اپنے فارم سائز کے مطابق اپنے رقبے پر آبی تالاب ضرور تعمیر کروائیں۔ کیونکہ یہ تالاب فصلوں کو زائد بارشی پانی سے ہونے والے نقصانات سے بچانے میں مددگار ثابت ہونے کے ساتھ ساتھ نہری پانی کو جمع کرنے اور بعد ازاں جمع شدہ پانی کو فصلات کی نازک مراحل پر آبپاشی کرنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔
- کپاس کی بذریعہ ڈرل کاشتہ فصل کی آبپاشی 12 تا 15 دن کے وقفے سے کریں جبکہ پٹڑیوں پر کاشتہ فصل کو 6 تا 9 دن کے وقفے سے آبپاشی کریں
- گوار کی فصل پانی کی کمی برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس فصل کو عموماً کم پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ نہری علاقوں کی فصل کو تین مرتبہ پانی دینا چاہیئے۔ پہلا پانی اگاؤ کے ایک سے ڈیڑھ ماہ بعد، دوسرا پانی پھول بننے پر اور تیسرا پانی پھلیاں بننے پر دینا چاہیئے۔
- شدید گرمی کے موسم میں پانی کے باکفایت استعمال کے لیے زمین میں نمی کی مقدار معلوم کرنے والا آلہ سائل مائسچر میٹر (Soil Moisture Meter) استعمال کریں۔ پانی کی کمی کی علامات ظاہر ہونے پر فصل کو پانی لگائیں۔
- موسمی حالات کے مطابق سبزیات کو 10-8 دن بعد، آم کے باغات کو 12 دن بعد، ترشاوہ پھلوں کے باغات کو 10-8 دن بعد اور امرود کے باغات کو 12-10 دن بعد آبپاشی کریں۔
- مونگ کی فصل کو پہلا پانی بوائی کے 35 سے 40 دن بعد پھول آنے پر جبکہ ماش کی فصل کو پہلا پانی اگاؤ کے تین ہفتہ بعد دینا چاہیے۔ فصلات کو آبپاشی ہمیشہ محکمہ کے سفارش کردہ شیڈول کے مطابق کریں۔ بارش ہونے کی صورت میں آبپاشی نہ کریں۔
- باجرہ موسم گرما کا انتہائی اہم چارہ ہے۔ نہری علاقوں میں پہلا پانی کاشت کے تین ہفتوں بعد لگائیں۔ کم اُگاؤ کی صورت میں پانی پہلے لگانا زیادہ مفید ہو سکتا ہے۔ واضح رہے کہ باجرے کی فصل سیم زدہ حالات برداشت نہیں کر سکتی۔ لہٰذا برسات کے دنوں میں فصل میں زیادہ پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔
- ڈرپ اریگیشن سسٹم کی عمومی یا اصلاحی دیکھ بھال کرنے سے پہلے پانی کے ذرائع کی طبعی، کیمیائی اور دیگر خصوصیات کی جانچ پڑتال کر لیں تاکہ ایمیٹرز (Emitters) کے بند ہونے کے خطرات کا اندازہ لگایا جا سکے۔
- سولر سسٹم کو صرف ڈرپ نظامِ آبپاشی کو چلانے کے لیے استعمال کریں۔
- فصلات کی آبپاشی سے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے شعبہ اصلاحِ آبپاشی کے عملے سے رابطہ کریں۔ تمام تحصیلوں، اضلاع اور ڈویژنوں کے افسران کے رابطہ نمبر اصلاحِ آبپاشی کی ویب سائٹ ofwm.agripunjab.gov.pk پر موجود ہیں۔